142683- تین موثوقہ طلاق کے بعد بیوی سے رجوع کرنا چاہت ہے

سوال

میں نے اپنی مرضی کے خلاف والد صاحب کے دباؤ کے تحت شادی کی تھی، اورایک برس بعد میں نے لیٹر اوراسٹام کے ذریعہ بیوی کو طلاق دے دی جس میں بائن کبری بیان کیا گیا تھا، اوراس کے ساتھ مہر کی رقم کا چیک بھی بھیجا، اور طلاق کے دو ماہ بعد میں نے پھر دوبارہ طلاق بائن رجسٹری کردی.

اس دن سے آج تک میں اپنی بہت ہی بری حالت محسوس کررہا ہوں میں نے جو اقدام کیا ہے وہ صحیح نہ تھا، اور میں دوبارہ بیوی سے رجوع کرنا چاہتا ہوں، برائے مہربانی مجھے یہ بتائیں کہ کیا بیوی کو دوبارہ واپس لانے کے لیے کوئی حل ہے وہ ابھی تک غیر شادی شدہ ہے اور اپنے والدین کے ساتھ ہی رہتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر آپ نے بیوی کو بائن کبری طلاق دی
ہے اور شرعی عدالت سے اس کی توثیق بھی کرائی ہے تو آپ کے لیے بیوی اس وقت تک حلال
نہیں جب تک وہ کسی اور سے نکاح نہ کرلے اور یہ نکاح رغبت ہونا چاہیے، نکاح حلالہ
نہیں، پھر اگر وہ شخص فوت ہوجائے یا اسے اپنی مرضی سے طلاق دے دے تو وہ آپ کے لیے
حلال ہوجائیگی.

مزید آپ سوال نمبر (
109245) اور (
114583) کے جوابات کا مطالعہ ضرور
کریں.

واللہ اعلم.